بینک دولت پاکستان

شعبہ بینکاری پالیسی و ضوابط

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی پی آر ڈی سرکلر لیٹر نمبر 17 برائے 2018ء　　　　18 اکتوبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / مائیکروفنانس بینک

محترم / محترمہ،

اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) کی قراردادوں کے تحت جاری کردہ اعلامیوں کی حکومتِ پاکستان کی جانب سے تعمیل کے لیے رہنما خطوط

براہِ کرم اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) کی قراردادوں کے تحت جاری کردہ اعلامیوں کی حکومتِ پاکستان کی تعمیل سے متعلق رہنما خطوط ملاحظہ کیجیے جو بذریعہ بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 3 برائے 2015ء کو جاری کیے گئے اور جن میں وقتاً فوقتاً ترامیم ہوتی رہیں۔

2۔ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت دہشت گردی اور پھیلاؤ کے لیے مالی اعانت کے حوالے سے ہدفی مالی پابندیوں کو مزید بہتر انداز سے سمجھنے کی غرض سے اسٹیٹ بینک نے اس موضوع پر اپنے رہنما خطوط کی تازہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔

3۔ اس موضوع پر تازہ رہنما خطوط اس سرکلر لیٹر سے منسلک ہیں۔

4۔ براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیں۔

منسلکہ: **اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی تعمیل کے لیے تازہ رہنما خطوط**

آپ کا مخلص

(محمد سلیم)

ایڈیشنل ڈائریکٹر